# SCHOOL BASED ASSESSMENT 2024-25

**Mid-Term**

## Islamiat Grade 3

**School Name:** ____________________

## ANSWER KEYS

| | | |
|---|---|---|
| Q. No.1 : d | Q. No.2 : c | Q. No.3 : b |
| Q. No.4 : b | Q. No.5 : c | Q. No.6 : a |
| Q. No.7 : b | Q. No.8 : d | Q. No.9 : a |
| Q. No.10 : d | | |

## ANSWERS / RUBRICS

**Question No: 11**

سوال نمبر 11

**a ) Write the definition of tolerance. (2)**

سوال: رواداری کی تعریف بیان کریں۔ (2)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم رواداری سے متعلق درست جواب لکھتا ہے تو اسے (2) پورے نمبر دیے جائیں۔ اگر جزوی طور پر درست لکھتا ہے تو 1 نمبر دیا جائے۔ اگر غیر متعلقہ جواب لکھتا ہے تو صفر نمبر دیا جائے گا۔

نمونے کا جواب:

رواداری کے معنی ہیں برداشت کرنا۔ رواداری سے مراد کسی ایسی بات کو برداشت کرنا ہے، جو ہمارے مزاج کے خلاف ہو، مثال کے طور پر کسی دوسرے مذہب یا عقیدہ رکھنے والوں کی بات سننا اور ان کو ان کے عقیدے پر حق دینا، رواداری ہے۔

**Write the importance of patience in the light of Holy Qur'an. (2)**

سوال: قرآن مجید میں صبر کرنے والوں کے لیے فرمان الٰہی بیان کریں۔ (2)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم بالکل درست جواب تحریر کرتا ہے تو اسے پورے 2 نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 نمبر جبکہ غیر متعلقہ یا غلط جواب تحریر کرنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

نمونے کا جواب:

اے ایمان والو! صبر اور نماز کے ذریعہ مدد مانگو، بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

**Give an example regarding patience and tolerance from the life of Rasoolullah (خاتم النبیین صلی اللّٰہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم . (o6)**

سوال: صبر و تحمل کے بارے میں آپ خاتم النبیین صلی اللّٰہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ کی کوئی مثال بیان کریں۔ (6)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم بالکل درست جواب لکھتا ہے تو پورے 6 نمبر دیے جائیں۔ جزوی طور پر درست جواب لکھتا ہے، تو 1 تا 5 نمبر دیے جائیں۔ اگر سوال سے غیر متعلقہ جواب لکھتا ہے تو صفر نمبر دیا جائے۔
نمونے کے جواب کی مثال:
ایک بار آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم خانہ کعبہ کے پاس نماز پڑھ رہے تھے، آس پاس بہت سے کافر موجود تھے۔ جب آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سجدے میں گئے تو عقبہ بن ابی نے کمر مبارک پر اونٹ کی اوجھڑی ڈال دی، جس کی بنا پر سجدے سے سر مبارک نہ اٹھا سکے۔ حضرت فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہانے اوجھڑی ہٹائی، تب سجدے سے سر مبارک اٹھایا اور جواب میں کچھ بھی نہ کہا، بلکہ صبر و تحمل سے کام لیا۔

**Question No: 12**

---

سوال نمبر 12

---

**a ) Write four manners of conversation.(4)**

گفتگو کے چار آداب لکھیں۔ (4)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
ہمیشہ اچھی بات کی جائے
بڑوں سے ادب سے بات کرنی چاہیے
نرمی سے بات کی جائے
اچھی اور سچی بات کرنی چاہیے

**What was the style of conversation of Hazrat Muhammadخا تم النبین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم? (O3)**

حضرت محمد خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کا انداز گفتگو کیسا تھا؟ (3)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب حضرت محمد خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کا انداز گفتگو درست لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دے جائیں۔ جزوی طور پر درست جواب کی صورت میں 1 تا 2 نمبر دے جائیں۔ غلط جواب کی صورت میں صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
حضرت محمد خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم ہمیشہ مناسب اور نرم لہجے میں گفتگو فرماتے آہستہ آہستہ بولتے تاکہ سب کو بات اچھی طرح سمجھ آجائے۔ گفتگو ایسی صاف اور واضح ہوتی تھی کہ ہر سننے والا سمجھ لیا کرتا تھا۔

**How should we talk with our elders?(3)**

بڑوں سے کس انداز سے بات کرنی چاہیے؟ (3)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل طور پر درست دیتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں گے جزوی طور پر درست جواب کی صورت میں 1 تا 2 نمبر دیے جائیں۔ بالکل غلط جواب کی صورت میں صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
بڑوں سے عزت سے بات کی جائے ان کے ادب اور احترام کا خیال کیا جائے۔ مناسب آواز اور نرم لہجے میں گفتگو کی جائے۔ آواز صاف اور واضح ہونی چاہیے۔

**Question No: 13**

---

سوال نمبر 13

---

**a ) What is meant by human rights? (3)**

حقوق العباد سے کیا مراد ہے؟ (3)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا مکمل درست جواب ہو تو پورے (3) نمبر دیے جائیں گے جزوی طور پر درست جواب کی صورت میں 1 تا 2 نمبر دیے جائیں گے غلط جواب کی صورت میں صفر نمبر دیا جائے گا۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
حقوق العباد سے مراد ہے کہ بندوں کے حقوق حقوق العباد میں والدین۔ اساتذہ۔ بہن بھائی رشتے داروں پڑوسیوں اور ساتھیوں کے حقوق شامل ہیں۔

**Write a translation of a Qur'anic Ayah about human rights. (3)**

بندوں کے حقوق سے متعلق ایک قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیں۔(3)

آیٹم روبرک(اردو):
اگر طالب علم سوال کا درست جواب لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں گے جزوی طور پر درست جواب کی صورت میں 1 تا 2 نمبر دیے جائیں گے۔ جبکہ غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے گا
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
اور والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرو اور رشتہ داروں اور مسکینوں اور رشتہ دار پڑوسی اور اجنبی پڑوسی اور پاس بیٹھنے والے مسافروں اور جن کے پاس (غلاموں اور کنیزوں) کے تم مالک ہو ان کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔

**How should we treat our sister, brother, and relatives? (4)**

ہمیں اپنے بہن بھائیوں اور رشتہ داروں سے کیسا سلوک کرنا چاہیے ؟(4)

آیٹم روبرک(اردو):
اگر طالب علم سوال کا درست جواب دے گا تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں گے جزوی طور پر درست جواب کی صورت میں 1 تا 3 نمبر دیے جائیں گے غلط جواب کی صورت میں صفر نمبر دیا جائے گا
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
بہن بھائیوں کا حق ہے ہم ان کے کاموں میں مدد کریں بہن بھائیوں کی عزت کی جائے رشتہ داروں کے ساتھ اچھا سلوک کریں ضرورت میں انکی مدد کریں